صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا

اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز جمعرات مورخہ یکم مارچ 2012ء بمطابق 7 ربیع الثانی 1433ہجری بعد از دوپہر پانچ بجکر دس منٹ پر منعقد ہوا۔

جناب سپیکر، کرامت اللہ خان مسند صدارت پر متمکن ہوئے۔

تلاوت کلام پاک اور اس کا ترجمہ

اَعُوذُ بِٱللَّهِ مِنَ ٱلشَّيۡطَـٰنِ ٱلرَّجِيمِ۔ بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔

إِنَّ ٱللَّهَ يَأۡمُرُكُمۡ أَن تُؤَدُّواْ ٱلۡأَمَـٰنَـٰتِ إِلَىٰٓ أَهۡلِهَا وَإِذَا حَكَمۡتُم بَيۡنَ ٱلنَّاسِ أَن تَحۡكُمُواْ بِٱلۡعَدۡلِ ۚ إِنَّ ٱللَّهَ نِعِمَّا يَعِظُكُم بِهِۦٓ ۗ إِنَّ ٱللَّهَ كَانَ سَمِيعًۢا بَصِيرًا O يَـٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ ءَامَنُوٓاْ أَطِيعُواْ ٱللَّهَ وَأَطِيعُواْ ٱلرَّسُولَ وَأُوْلِى ٱلۡأَمۡرِ مِنكُمۡ ۖ فَإِن تَنَـٰزَعۡتُمۡ فِى شَىۡءٍ فَرُدُّوهُ إِلَى ٱللَّهِ وَٱلرَّسُولِ إِن كُنتُمۡ تُؤۡمِنُونَ بِٱللَّهِ وَٱلۡيَوۡمِ ٱلۡأَخِرِ ۚ ذَٰلِكَ خَيۡرٌ وَأَحۡسَنُ تَأۡوِيلاً۔

(ترجمہ): خدا تم کو حکم دیتا ہے کہ امانت والوں کی امانتیں ان کے حوالے کر دیا کرو اور جب لوگوں میں فیصلہ کرنے لگو تو انصاف سے فیصلہ کیا کرو خدا تمہیں بہت خوب نصیحت کرتا ہے بے شک خدا سنتا اور دیکھتا ہے۔ مومنو! خدا اور اس کے رسول کی فرمانبرداری کرو اور جو تم میں سے صاحب حکومت ہیں ان کی بھی اور اگر کسی بات میں تم میں اختلاف واقع ہو تو اگر خدا اور روز آخرت پر ایمان رکھتے ہو تو اس میں خدا اور اس کے رسول (کے حکم) کی طرف رجوع کرو یہ بہت اچھی بات ہے اور اس کا مآل بھی اچھا ہے۔

وآخِرُ الدَعوَانا أَنِ ٱلۡحَمۡدُ لِلَّهِ رَبِّ ٱلۡعَـٰلَمِينَ۔

جناب سپیکر: جزاکم اللہ۔

جناب محمود عالم: پوائنٹ آف آرڈر سر!

جناب سپیکر: ایک منٹ۔۔۔۔۔

جناب محمود عالم: جناب سپیکر صاحب! پوائنٹ آف آرڈر۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: ہاؤس 'کمپلیٹ' ہو جائے نا، یہ Formality پوری ہو جائے، ہاؤس 'کمپلیٹ' ہو جائے تو اس کے بعد۔

اراکین کی رخصت

جناب سپیکر: ان معزز اراکین نے رخصت کیلئے درخواستیں ارسال کی ہیں، جن میں ڈاکٹر یاسمین نازلی جسیم صاحبہ اور جناب وجیہہ الزمان صاحب نے 01-03-2012 کیلئے رخصت طلب کی ہے تو Is it the desire of the House that the leave may be granted?

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The leave is granted.

مسند نشین حضرات کی نامزدگی

Mr. Speaker: 'Panel of Chairmen': In pursuance of sub rule (1) of rule 14 of the Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa Procedure and Conduct of Business Rules 1988, I hereby nominate the following Members, in order of priority, to form a 'Panel of Chairmen' for the current session:

1. Mr. Abdul Akbar Khan;
2. Mr. Sikandar Irfan;
3. Dr. Iqbal Din; and
4. Mr. Muhammad Zamin Khan.

عرضداشتوں کے بارے میں کمیٹی کی تشکیل

Mr. Speaker: 'Committee on Petitions': In pursuance of rule 116 of the Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa Procedure and Conduct of Business Rules 1988, I hereby constitute a 'Committee on Petitions' comprising the following Members under the Chairmanship of Mr. Khushdil Khan Advocate, honorable Deputy Speaker:

1. Mr. Israrullah Khan Gandapur;
2. Mufti Kifayatullah;

3. Mr. Muhammad Zamin Khan;
4. Mr. Ghani Dad Khan;
5. Ms. Shazia Aurangzeb; and
6. Ms. Shahzia Tehmas Khan.

سینیٹ انتخابات

جناب سپیکر: معزز اراکین! میں اس اہم موقع سے فائدہ اٹھاتے ہوئے سب سے پہلے آپ سب ممبران صاحبان کو اسمبلی کے چار سال مکمل ہونے پر مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ (تالیاں) جیسا کہ آپ کو معلوم ہے کہ اس اسمبلی کو سینیٹ کیلئے ممبران کے چناؤ کا دوسرا موقع میسر آیا ہے اور تاریخ اس بات کی گواہی دے گی کہ یہ تیسری اسمبلی ہے جو کہ دوسری دفعہ سینیٹ کے اراکین کے انتخاب کیلئے دستیاب ہے۔ اس سے پہلے سابق وزیر اعظم پاکستان جناب ذوالفقار علی بھٹو شہید کے دور میں اراکین نے دو دفعہ اپنی رائے کا اظہار کیا تھا اور دوسری دفعہ گزشتہ دور حکومت، جس میں صوبائی سطح پر متحدہ مجلس عمل برسر اقتدار تھی، نے اپنا حق رائے دہی دو دفعہ استعمال کیا۔ (تالیاں) اللہ کے فضل و کرم سے گزشتہ سینیٹ کے انتخابات انتہائی صاف اور شفاف منعقد کئے گئے تھے اور۔۔۔۔۔

(قطع کلامی)

جناب سپیکر: انشاء اللہ، انشاء اللہ آنے والے سینیٹ کے انتخابات بھی شفاف طریقے سے منعقد ہونگے۔ (تالیاں) اور ہمارے ممبرز صاحبان کے ضمیر اس بات سے مطمئن ہونگے کہ انہوں نے اپنا حق رائے دہی بہتر انداز میں استعمال کیا (تالیاں) اور ابھی قاری صاحب نے ایک بہت سیریس۔۔۔۔۔

میاں افتخار حسین (وزیر اطلاعات): جناب سپیکر صاحب! پہ دے باندے چا ھم لا سونہ اونہ پرقول۔

جناب سپیکر: جاوید عباسی کو پتہ نہیں کہ یہ بات بری لگ رہی ہے؟ (تالیاں) جاوید عباسی! پتہ نہیں ایسی سیریس بات کو بھی گپ کے انداز میں آپ لوگ لے رہے ہیں۔ چیئر اس طرف سے ہر ایک کو Judge کر رہا ہے، ایسی بات نہیں ہے۔ مولوی صاحب نے بہت اچھی تلاوت کی اور اس میں ایک بات انہوں نے بڑی، عدل آپ کے ہاتھ میں دیا ہے کہ آپ سارے ممبران اپنی پارٹی کے ساتھ کتنا عدل کرتے ہیں جس کی وجہ سے آپ ادھر آ کر ان سیٹوں پر براجمان ہیں، (تالیاں) کتنی عزت

پارٹیوں نے آپ کو دی ہے اور آپ کے ضمیر کا امتحان آرہا ہے، ابھی دیکھتے ہیں کہ آپ اپنے ضمیر اور عہدے کے ساتھ کتنا انصاف کرتے ہیں؟

<u>جناب اکرم خان درانی (قائد حزب اختلاف)</u>: جناب سپیکر!

<u>جناب سپیکر</u>: جی۔

<u>جناب محمود عالم</u>: جناب سپیکر صاحب! پوائنٹ آف آرڈر۔۔۔۔۔

<u>جناب ثاقب اللہ خان چمکنی</u>: جناب سپیکر صاحب!

<u>Mr. Speaker</u>: Ji, Leader of the Opposition, first.

<u>جناب محمود عالم</u>: پوائنٹ آف آرڈر، سر۔

<u>جناب سپیکر</u>: اس کے بعد۔ لیڈر آف دی اپوزیشن فرسٹ، جی پلیز۔

<u>قائد حزب اختلاف</u>: محترم سپیکر صاحب، آپ کا بہت بہت شکریہ۔ سپیکر صاحب، آج کا یہ جو اجلاس ہے، یہاں پر ہمارا جو بیٹھنا ہے اور آپ کی چیئر سے جو ہدایات ہیں تو یہ اس روشنی میں ہیں کہ کل سینیٹ کا الیکشن ہے اور ہم کوشش کرینگے کہ سینیٹ کا الیکشن انتہائی باوقار انداز میں، انتہائی ایک جمہوری انداز میں پاکستان کے آئین اور قانون کے مطابق جو رائے دہی کا حق ہے، اسی کے مطابق کل کا الیکشن انتہائی خوشگوار ماحول میں شام تک ہو جائے کیونکہ ہماری اس پاک اور پختون سرزمین کی روایات ہیں، جن کو ہم بڑی عزت اور وقار کی نظر سے دیکھتے ہیں اور ان روایات کو اللہ تعالیٰ قائم و دائم رکھے کہ ہم ایک دوسرے کے جمہوری حجم کا خیال بھی رکھیں اور احترام کے ساتھ ایک دوسرے کا خیال بھی رکھیں۔ پوری اپوزیشن بیٹھی ہے، میرے بعد میرے دوسری پارٹیوں کے پارلیمانی لیڈرز بھی بات کرینگے۔ پوری اپوزیشن کی ایک بھرپور خواہش ہے، ان کی اجازت سے میں اظہار کر رہا ہوں کہ کل کا الیکشن شفاف ہو، صاف ہو، میڈیا کیلئے آزادی ہو۔ اس ہال میں آج جس طرح میڈیا بیٹھا ہے، کیمرے 'آن' ہیں اور ہماری ایک ایک چیز کو دیکھ رہے ہیں اور جب ہم سے کوئی غلطی ہوتی ہے اور میڈیا پر ہم دیکھتے ہیں، خواہ ہمارے کچھ اراکین اگر گہری نیند سوئے ہوئے ہوتے ہیں تو ان کو بھی وہ بڑے اچھے انداز میں لیتے ہیں اور پھر ہر ایک منتخب آدمی کوشش کرتا ہے کہ میں یہاں پر سو نہ جاؤں کیونکہ میرے حلقے کے لوگ مجھے دیکھ رہے ہیں۔ میڈیا کو میں داد دے رہا ہوں کہ یہ ہماری اصلاح کر رہا ہے، میرے خیال میں ہمارے لئے ایک اچھا پیغام دے رہے ہیں اور یہاں پر اگر ہال میں آئین کی یا قانون کی کوئی کمزوری ان کی نظر میں آجائے تو پھر کل کو وہ اچھالتے ہیں اور پھر ہم محتاط ہو جاتے ہیں کہ کیمرے کی آنکھ ہماری سب غلطیوں کو نوٹ کر رہی ہے اور ایک جمہوری کلچر

کیلئے،اس ملک میں ایک شفاف الیکشن اور جمہوری پارٹیوں کی اصلاح کیلئے میڈیا کا بہت بڑا کردار ہے۔ چونکہ اسمبلی آپ کے کنٹرول میں ہے، کل آپ اس کا کچھ حصہ ضرور الیکشن کمیشن کے حوالے کرتے ہیں لیکن سب سے پہلے ہماری اس چیئر سے استدعا ہو گی اور پھر الیکشن کمیشن سے ہماری استدعا ہو گی کہ یہاں پر جتنے بھی ممبران اسمبلی ہیں،ان کو انشاء اللہ ووٹ ڈالنے کا طریقہ بھی آتا ہے اور یہ وہ لوگ ہیں جو کہ بڑی محنت کے بعد اللہ تعالیٰ نے اس ایوان تک پہنچائے ہیں، یہ معاشرے کی Cream ہیں، معاشرے کی عزت ہیں، ہماری جمہوری پارٹیوں کی عزت ہیں تو یہ مکمل آزاد ہوں کہ آپ کس طریقے سے کسی کو ووٹ دیتے ہیں۔ ہمیشہ سیاسی پارٹیاں اپنے ممبران اسمبلی کو گھر میں بلاتی ہیں،اپنے پارٹی کے دفتر میں بلاتی ہیں،ان کو ووٹ کا طریقہ بھی سکھاتی ہیں کہ خدا نہ کرے کہ ہمارے ممبر سے کوئی غلطی ہو جائے۔ ریہرسل بھی کراتی ہیں اور پھر وہاں پر ان کو ہدایات بھی دیتی ہیں کہ آپ اپنی پابندی برقرار رکھیں تو یہاں پر چونکہ ہمارا ایک تلخ تجربہ پچھلے ایک دو الیکشنز سے ہوا، شاید ایک صدارتی الیکشن تھا یا مجھے اندازہ نہیں کہ میڈیا پر ہم جب Tick mark کچھ کرتے تھے اور دوسرے کو دکھاتے تھے تو اس سے بھی میرے خیال میں اس اسمبلی کی نیک نامی نہیں ہوئی بلکہ ہماری بہت بڑی بدنامی ہوئی اور پھر پچھلی دفعہ میں نے پریس کانفرس بھی کی الیکشن کے بکس کھولنے سے پہلے کہ اس بکس سے جو دو ووٹ نکل رہے ہیں، وہ اصلی نہیں ہونگے، وہ شاید جعلی ہوں اور اس کے بعد وہ ووٹ بھی نکلے اور وہ بھی سب ممبران کو معلوم ہے کہ ووٹ ہم نے کس طرح ڈال دیئے تو اس بار میں آپ سے ہاتھ جوڑ کر اور الیکشن کمیشن آف پاکستان سے کہ یہاں پر الیکشن شفاف انداز میں ہو۔ ہمارا ان سب ممبران پر اعتماد ہے، اپنی پارٹی پر بھی اور دوسری جماعت کے لوگوں پر بھی کہ وہ اپنی رائے استعمال کریں کیونکہ کل پوری اپوزیشن یہاں پر موجود ہو گی، ووٹ ڈالنے کے وقت وہ سب سے پہلے یہی دیکھے گی کہ کیمرے کی آنکھ لگی ہے۔ میرے صحافی بھائی بیٹھے ہیں اور اگر کیمرہ نہ ہو، صحافی نہ ہوں تو یہاں پر جب اپوزیشن احتجاج کرے گی اور آپ اس چیئر پہ نہیں ہونگے، الیکشن کمیشن کے لوگ ہونگے تو وہ کیا سوچیں گے؟یہاں پر الیکشن کمیشن کے جو لوگ ہمیں دیکھ رہے ہوں اور ہم ایک دوسرے سے خفگی یا اس طرح کے انداز میں ہوں کہ جو ناراضگی کا انداز ہو، تو وہ بھی ہم نہیں چاہتے۔ کیمرہ بھی موجود ہو، یہاں پر صحافی بھی موجود ہوں اور اگر کسی کو کسی بات پہ اعتراض بھی ہو کہ یہ ووٹ ادھر نہیں ہے، کوئی باہر لے جا رہا ہے تو اس پہ پوری اپوزیشن کی نظریں ہونگی تو میں آپ کی چیئر سے استدعا کرتا ہوں، الیکشن کمیشن آف پاکستان سے اور گورنمنٹ سے بھی یہی درخواست کر رہا ہوں کہ ہم نے بھی عزم کیا ہے کہ کل یہ الیکشن صاف اور

شفاف ہو اور گورنمنٹ نے بھی انشاء اللہ یہی عزم کیا ہے کہ یہ شفاف ہو تو اس سے آپس میں ہماری محبت اور بھی بڑھے گی۔ بارہ گھنٹے ہیں یا کتنے ہیں؟ میرے خیال میں 9 بجے سے 5 بجے تک یا 4 بجے تک ہے، یہ اگر ہم ہنسی خوشی یہاں پر بیٹھ کر ایک دوسرے کو چائے بھی پلاتے رہیں، پیسٹری اور کیک بھی آپ ہمیں مہیا کریں کہ اگر ہمیں بھوک ہو تو یہاں پر وہ بھی کھائیں گے۔ اسی انداز میں گورنمنٹ سے بھی میں یہی درخواست کروں گا کہ جو آپ کا فرمان تھا، وہ ہمارے لئے حکم ہے کہ شفاف اور جس انداز میں آپ نے بات کی تو یہی توقع میری گورنمنٹ سے بھی ہے کہ میری جو کچھ گزارشات تھیں، ان کو اسی انداز سے وہ انشاء اللہ ضرور لے گی۔ باقی میں آپ کا بھی شکریہ ادا کرتا ہوں اور گورنمنٹ کا بھی شکریہ ادا کرتا ہوں کہ انہوں نے میری کچھ باتیں بڑے غور کے ساتھ سن لیں اور میرا خیال ہے کہ مجھے میاں صاحب نے کہا بھی کہ انشاء اللہ شفاف ہو گا، مجھے ادھر سے بھی یقین دلایا گیا تو اسی انداز میں آپ کا بھی شکریہ ادا کرتا ہوں اور گورنمنٹ کا بھی شکریہ ادا کرتا ہوں۔

(تالیاں)

جناب سپیکر: جی، سارے اس پہ-----

(قطع کلامی)

جناب سپیکر: ہاں وہ تو، ایک منٹ ذرا۔

جناب سپیکر: مفتی محمود عالم صاحب! ذرا دعا کیلئے کچھ بولیں، پھر اس کے بعد آپ جی۔

جناب محمود عالم: دعا بھی کرتے ہیں، بات بھی کرتے ہیں جی۔ یہ کل نہیں، پرسوں جی۔ پہلے دعا کریں، پھر اس کے بعد بات کریں گے۔

جناب سپیکر: مفتی جانان صاحب! مفتی سید جانان صاحب، دعا پڑھیں جی۔ کوہستان کا جو حادثہ ہوا ہے، ان سب کیلئے دعا پڑھی جائے۔ نوشہرہ کے جو شہید ہوئے ہیں ہمارے بھائی، وہ بھی دعا میں یاد رکھیں، کوہاٹ اڈے میں بھی ہوئے ہیں، پورے صوبے میں جہاں بھی ہمارے بھائی شہید ہوئے ہیں، ان سب سے متعلق دعا کی جائے۔

(اس مرحلہ پر دعائے مغفرت کی گئی)

جناب سپیکر: پیر صابر شاہ صاحب۔

جناب محمود عالم: جناب سپیکر!

جناب سپیکر: اس کے بعد، اس کے بعد۔ پیر صابر شاہ صاحب، پہلے پارلیمانی لیڈرز اگر دو دو باتیں کر لیں، مختصر مختصر۔

سید محمد صابر شاہ: جی جناب سپیکر۔ سپیکر صاحب، جیسا کہ آپ نے آج بات کی، جب ہماری Proceedings شروع ہوئی اور آپ نے سب سے پہلے اس معزز ایوان کو ایک بڑی مبارکباد دی تو یقیناً اس لمحہ پہ ہم سب مبارکباد کے مستحق ہیں کہ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے جمہوریت کے اندر میرے خیال میں پہلی دفعہ کسی مارشل لاء کے، کسی ڈکٹیٹر کے سائے کے بغیر ایک جمہوری عمل کے آج ہمارے چار سال پورے ہو چکے ہیں اور میری حکومت کی بنچوں کی خواہش ہو گی کہ پانچ سال بھی پورے ہوں، (تالیاں) اگر پانچ سال بھی پورے ہوتے ہیں تو ہم اس کو بھی Appreciate کریں گے۔ بہر حال اگر حالات بہتر بنائے جائیں، اب اس طرف آنا نہیں چاہتا ہوں کیونکہ موضوع سے میں ہٹ جاؤں گا۔ جناب سپیکر، اس کے ساتھ ساتھ جو دوسری بات یہاں پہ کی گئی، جس کی طرف سب سے پہلے آپ نے نشاندہی کی اور آپ نے اس پورے ہاؤس کو، یہ میرے خیال میں ہماری اس اسمبلی کی روایت میں پہلی دفعہ ہے کہ آپ کی طرف سے، سپیکر کی طرف سے اس پورے ایوان کے سامنے یہ ایک بات رکھی گئی کہ یہ جو الیکشن کا سلسلہ ہے، جہاں سینیٹ کے اندر کچھ لوگ ایسے آتے ہیں جی، جن کی وجہ سے یہ ادارہ بدنام ہو جاتا ہے تو آپ نے اس کی طرف نشاندہی کی اور اس کے بعد اپوزیشن لیڈر جناب اکرم خان درانی صاحب نے بڑی وضاحت کے ساتھ اس پہ باتیں کیں کہ ہمارے سینیٹ کے جو الیکشنز ہو رہے ہیں جناب سپیکر، آج اگر آپ اخباروں کو اٹھائیں تو آپ کے جتنے لکھاری بھی آ رہے ہیں، وہ اکثر یہی لکھتے ہیں اور رات کو ٹیلی ویژن پہ ایک خبر نشر ہو رہی تھی کہ غالباً پنجاب میں یا سندھ میں ایک ووٹ جو ہے، بلوچستان اسمبلی میں کہ ایک ووٹ 65 کروڑ روپے میں فروخت ہوا لیکن حقیقت یہ ہے کہ اس بات کو اس انداز سے پیش کیا گیا کہ جس سے ان اداروں کی تضحیک ہوئی، ان اداروں کے اندر رہنے والے یہ جو معزز اراکین ہیں، جو اس ملک کے چاروں صوبوں کے عوام کے ووٹوں سے منتخب ہو کر، جہاں ان کا اخلاقی معیار، جہاں ان کا کردار، جہاں ان کا عوام کے ساتھ تعلق، جہاں ان کی خدمات کو مدنظر رکھ کر اور ایک بہت بڑے پراسس سے گزر کر یہ لوگ یہاں پہ آتے ہیں اور ایک سرٹیفیکیٹ عوام سے ملتا ہے لیکن افسوس کی بات یہ ہے کہ اس میں ہم کسی کو موردالزام اگر ٹھہرائیں بھی تو اس سے پہلے ہمیں اپنا محاسبہ بھی ضرور کرنا ہو گا کہ ہم کیوں ایسا موقع دیتے ہیں اور یہ میں نے کل بات کہی تو اس میں جو افسوسناک پہلو ہے، وہ یہ ہے کہ ایک ممبر جس کو چار سال تک

فنڈز نہیں ملے ہیں اور اس نے کہا جی، کہ آپ میرے حلقے میں مجھے فنڈر یلیز کرادیں تو میں آپ کو ووٹ دے دیتا ہوں لیکن پریس میں جو بات جاری ہوئی، وہ یہ ہوئی کہ 65 کروڑ پہ ووٹ فروخت ہوا ہے تو جناب سپیکر، یہ لمحہ فکریہ ہے، آپ کا جو Concern ہے، اپوزیشن لیڈر کا جو Concern ہے اور میرے خیال میں اس ہاؤس کے اندر ہر ممبر اس بات سے تشویش میں مبتلا ہے کیونکہ ہم وہ لوگ ہیں کہ ہم یہاں سے نکلتے ہیں تو پھر ہمیں عوام کا سامنا کرنا پڑتا ہے، ہمیں عوام کی عدالت میں جانا پڑتا ہے تو ہماری طرف سے جتنی ہو احتیاط ہونی چاہیئے تاکہ یہ جو الیکشن ہے، یہ صاف اور شفاف ہو۔ سپیکر صاحب، میں اگر یہاں وزیر اعلیٰ صاحب کا ذکر نہ کروں تو یہ بھی زیادتی ہے کہ وزیر اعلیٰ صاحب نے مجھے تین چار دفعہ فون کیا کہ ہم چاہتے ہیں کہ ہارس ٹریڈنگ کا راستہ روکنے کیلئے کوئی ایسی صورتحال پیدا ہو، جہاں پہ بلا مقابلہ لوگ منتخب ہو جائیں لیکن ہماری بدقسمتی ہے کہ جب بھی ہمارے الیکشنز ہوتے ہیں تو باہر سے ایسے لوگ ہمارے الیکشن پراسس کے اندر داخل ہو جاتے ہیں جو کہ ہم چاہتے ہوئے بھی، وزیر اعلیٰ صاحب بھی چاہتے ہیں، آپ بھی چاہتے ہیں، اپوزیشن لیڈر بھی چاہتے ہیں اور ہماری دوسری سیاسی جماعتیں، مسلم لیگ (ق) ہے، شیرپاؤ صاحب کی پیپلز پارٹی ہے اور حکومت کی پارٹیاں یہ چاہتی ہیں کہ صاف اور شفاف الیکشنز ہوں لیکن جناب سپیکر، آج اگر ہم اس پہ بات نہیں کریں گے تو پھر کبھی بھی ہم بات نہیں کر سکیں گے اور وہ یہ ہے کہ صاف اور شفاف الیکشن کیلئے میں آپ کی وساطت سے اس ایوان سے گزارش کروں گا، معزز ممبران سے گزارش کروں گا کہ خدا کیلئے یہ آپ کے ہاتھ میں ہے، ان بیوپاریوں کو، ان سوداگروں کو کہ جو انسانیت کا سودا کرتے ہیں، جو ہمارے ان اداروں پہ اور ان اداروں کے ماتھوں پہ کالا داغ لگانا چاہتے ہیں جو کہ ہمارے لئے بدنامی کا باعث بنتا ہے تو خدا کیلئے میں آئندہ کیلئے یہ گزارش کروں گا کہ ان لوگوں کا راستہ روکنا ہمارے بس میں ہے، (تالیاں) ہم اگر ان لوگوں کو راستہ نہیں دیں گے تو وہ نہیں آ سکیں گے، ہمیں اس پہ عہد کرنا چاہیئے کہ ہمیں ان بیوپاریوں کے راستے کو روکنا ہوگا اور اس معزز ایوان کے اندر وہ جو گندگی پھینکنا چاہتے ہیں تو اس صاف، پاک اور شفاف ماحول کو اسی طرح پاک، صاف اور شفاف رکھنا ہماری ذمہ داری ہے اور ہمیں اس کو صاف اور شفاف رکھنا ہوگا۔ ہمیں اس بات کی طرف آنا ہوگا کہ اخباروں میں، پریس میں، بازاروں میں، سڑکوں پہ، حجروں میں، دکانوں پہ اور مسجدوں میں لوگ یہ بات نہ کریں کہ جن لوگوں کو ہم نے بھیجا تھا، وہی لوگ آج آپ لوگوں کی اس عزت اور وقار اور اس ووٹ کے تقدس کو پامال کر رہے ہیں۔ بخدا اس ایوان کے اندر اگر ہم اس بات پہ متحد ہو جائیں تو جناب سپیکر، جس طرح آج ہماری

مجبوری ہے کہ آج اپوزیشن لیڈر یہ مطالبہ کرتے ہیں کہ ہاؤس کے اندر پریس کو آنا چاہیئے تو یہ مطالبہ کبھی بھی سامنے نہ آتا۔ اگر ہم ان لوگوں کا راستہ روک لیتے تو یہاں پہ ہارس ٹریڈنگ کی باتیں نہ ہوتیں اور اس کو میں ہارس ٹریڈنگ نہیں کہتا بلکہ یہ انسانوں کی سوداگری ہو رہی ہے۔ جناب سپیکر، ہم اس کا راستہ روک سکتے تھے لیکن آج ہماری مجبوری ہے کہ آج مجھے بھی یہ کہنا پڑتا ہے، ورنہ قوم ہم پہ اعتماد کرتی ہے، پوری دنیا کو ہم پہ اعتماد کرنا چاہیئے کہ یہ جس پراسس سے گزر رہے ہیں، یہ ایک پراسس سے ہی آئے ہیں، یہ Fair طریقے سے آئے ہیں، شفاف طریقے سے آئے ہیں اور اگر یہ سینیٹ کے الیکشنز ہونگے تو یہ بھی شفاف طریقے سے ہونگے لیکن جناب سپیکر، چونکہ سسٹم کے اندر ایسے لوگ شامل ہو چکے ہیں جو اس سسٹم کو خراب کرنا چاہتے ہیں تو میں کہوں گا اور میں جناب اپوزیشن لیڈر کی اس بات سے بالکل متفق ہوں کہ یہاں پریس کیلئے مکمل طور پہ ہماری گیلریاں موجود ہیں، سسٹم موجود ہے اور پریس کو بالکل ہونا چاہیئے تاکہ اگر کہیں سے بھی، چاہے ہماری طرف سے ہو، چاہے حکومت کی طرف سے ہو، چاہے جس کی طرف سے بھی ہو، اگر اتنا سا بھی اس الیکشن کی شفافیت پہ حرف آتا ہے تو وہ ساری دنیا کے سامنے آئے اور وہ لوگ بے نقاب ہوں اور مجھے یقین ہے، حکومت سے بھی میں یہ توقع رکھتا ہوں کہ ہمارے مطالبے کی وہ توسیع کرے گی، وہ ہمارا ساتھ دے گی تاکہ ہم جس امتحان سے گزر رہے ہیں، امتحان یہ نہیں ہے کہ ہم الیکشن میں کامیاب ہو گئے، ہم امتحان میں کامیاب ہو گئے، امتحان ہمارا یہ ہے کہ ہم اس پراسس سے باہر نکلیں تو جس طرح صاف ستھرے کپڑوں کے ساتھ، صاف تن اور من کے ساتھ، صاف تن من دھن کے ساتھ ہم یہاں داخل ہوں اور باہر نکلیں تو اسی طرح سے ہم شفاف نکلیں۔ بہت بہت مہربانی جی۔

<u>جناب سپیکر</u>: ایک بات کی ذرا وضاحت کر لوں کہ چونکہ الیکشن کمیشن وہ منعقد کرے گا اور سارے انتظامات کرے گا تو یہ ان کا کام ہے، لیڈر آف دی اپوزیشن جو ہمارے بڑے ہیں، کہ میڈیا کو وہ Allow کرتا ہے یا نہیں؟ کیونکہ میں ان کے حوالے کروں گا، جہاں پہ الیکشن ہوگا لیکن جہاں تک سیکر ٹریٹ کا کام ہے تو ہم نے باقاعدہ طور پر لان میں میڈیا کیلئے کرسیوں کا اور سارا بندوبست بھی کیا ہے لیکن پولنگ سٹیشن کے اندر اس کی اجازت دینا میرے اختیار میں نہیں ہوگا، البتہ ایک کام اور Being a custodian of the House میں ایک بات اور کہتا ہوں کہ ایک تو ہمارے چار سال پورے ہونے کو ہیں، ایک بڑی خوشی کی بات ہے اور دوسری آپ تمام لیڈران جتنے بھی ہیں، آپ میں مزید افہام و تفہیم پیدا کرنے کیلئے میں آج شام آپ سب کو ایک دعوت دے رہا ہوں کہ 7 بجے سپیکر ہاؤس میں آپ آجائیں، میرے ساتھ کچھ دال

پانی بھی کھالیں گے اور آپس میں آپ افہام و تفہیم کی کچھ فضا مزید پیدا کر لیں گے۔ تھینک یو جی، تھینک یو، شکریہ جی۔

<u>جناب سکندر حیات خان شیر پاؤ:</u> جناب سپیکر صاحب! زۀ د دے سینیټ د الیکشن په حواله باندے یو ښو خبرے کول غواړم چه که پریس والا موجود وی نو دا الیکشن به شفاف اوکړے شی۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر:</u> هں جی ؟

<u>جناب سکندر حیات خان شیر پاؤ:</u> جناب سپیکر صاحب، سبا له چه د سینیټ کوم الیکشن کیږی، په دیکښے که پریس والا موجود وی، هسے هم که مونږه ګورو، زمونږه هر ځل چه کارروائی کیږی نو تاسو دا همیشه وایئ چه دا پریس د دے کارروایئ یو اهمه حصه ده۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر:</u> او بالکل۔

<u>جناب سکندر حیات خان شیر پاؤ:</u> او د دغے د پاره مونږه دا غواړو چه څنګه د عام کارروایئ په ورځ هم د پریس یو اهم رول دے، دغه شان سبا په دے الیکشن، د دے په شفافیت کښے، د دے دلته کښے په صحیح کیدو کښے هم د پریس اهم رول دے او هغه رول چه دے، مونږه د دے هاؤس په وساطت الیکشن کمیشن ته دا خواست کوؤ چه هغوی له د اجازت ورکړی۔

<u>جناب بشیر احمد بلور {سینیئر وزیر (بلدیات)}:</u> سپیکر صاحب!

<u>جناب سپیکر:</u> ٹھیک شوه جی۔ جی بشیر بلور صاحب۔

<u>سینیئر وزیر (بلدیات):</u> سپیکر صاحب، ډیره مهربانی۔

<u>جناب سپیکر:</u> بشیر بلور صاحب۔

<u>سینیئر وزیر (بلدیات):</u> بڑی مہربانی سپیکر صاحب! کہ آپ نے مہربانی کی۔ میں لیڈر آف دی اپوزیشن، صابر شاہ صاحب اور سکندر شیر پاؤ خان کا شکر گزار ہوں۔۔۔۔

<u>حاجی قلندر خان لودھی:</u> جناب سپیکر صاحب!

<u>جناب سپیکر:</u> میرے معزز لیڈرز ہیں، آپ کیوں نہیں۔۔۔۔

حاجی قلندر خان لودھی: جناب سپیکر صاحب، میں سینیٹ کے الیکشن کے بارے میں ایک دو باتیں کرنا چاہتا ہوں۔۔۔۔۔

میاں افتخار حسین(وزیر اطلاعات): اس کے بعد کرلیں، خیر ہے وہ کرلیں۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: بس خیر ہے، وہ کرلیں، اس کے بعد آپ کرلیں، آپ بڑے ہیں نا۔

سینیئر وزیر(بلدیات): کوئی پابندی نہیں ہے لودھی صاحب۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: آپ کا اپنا ہاؤس ہے جی۔

سینیئر وزیر(بلدیات): لودھی صاحب! آج اوپن ہے، کوئی پابندی نہیں ہے۔

جناب سپیکر: جتنا آپ بولنا چاہیں، بولیں جی۔

سینیئر وزیر(بلدیات): سپیکر صاحب، میں ایک ریکویسٹ کرتا ہوں کہ میرے بھائیوں نے بڑی اچھی باتیں کیں، درانی صاحب اور صابر شاہ نے بڑے جذباتی انداز میں باتیں کیں مگر ہمارا ماضی اتنا شفاف نہیں ہے، یہاں پہ کئی دفعہ حالات اس طرح ہوئے، آپ کو پتہ ہے کہ کئی دفعہ تو دس دس بارہ بارہ لوگ بک گئے اور ہیڈلائن لگی کہ پورا پورا اصطبل بک گیا، خالی ہارس ٹریڈنگ نہیں ہوئی تو میں یہ درخواست کرتا ہوں کہ ہم نے، جس وقت سینیٹ الیکشن کا اعلان ہوا تو سب سے پہلے ہم درانی صاحب کے پاس حاضر ہوئے، ان سے ریکویسٹ کی کہ مہربانی کرکے بات چیت کریں اور کوشش کریں کہ یہ الیکشن Unopposed طریقے سے ہو جائے تو بہتر ہوگا مگر اس وقت ان کی جو ڈیمانڈ تھی، وہ اتنی زیادہ تھی کہ ہم نے کہا کہ ہر ایک کے اپنے اپنے نمبر ہیں اور جتنے نمبر ہیں، اس نمبر کے حساب سے اپنے اپنے ووٹ لیں تو ہمیں کوئی اعتراض نہیں ہوگا، انہوں نے ہمیں کہا جی، میرے خیال میں ان کے چودہ ممبرز صاحبان ہیں، انہوں نے کہا کہ ہمیں دو جنرل سیٹس دیں تو اب دو جنرل سیٹس، سولہ ممبروں پہ ایک سیٹ ہوتی ہے، ہم دو کیسے دے سکتے تھے؟ اس کے بعد ہم صابر شاہ صاحب کے ہاں حاضر ہوئے، وزیر اعلیٰ صاحب نے بھی بات کی اور ہم ان کے گھر گئے، میاں صاحب نے ان سے ریکویسٹ کی کہ آپ اگر ہمارے ساتھ بات کریں تو انہوں نے بھی یہی کہا، مطلب ہے ہر ایک آدمی کی کوشش ہوتی ہے، یہ کسی کا قصور نہیں، ہر آدمی چاہتا ہے کہ میرے زیادہ سے زیادہ لوگ سینیٹ میں جائیں۔ ہم نے گورنمنٹ کی طرف سے پوری کوشش کی کہ ہم افہام و تفہیم سے اور اس ہارس ٹریڈنگ کو روک کر Independent طریقے سے اور شفاف طریقے سے Unanimously ہم سینیٹ میں لوگ بھیجیں مگر ہماری بدقسمتی یہ ہوئی کہ ہمارے ہاؤس کے ہی

لوگوں نے ایک ایک آدمی کو دو دو لوگوں نے جی، اگر Propose اور Second نہ کرتے تو باہر سے کوئی نہ آتا، یہ ہم لوگوں نے زیادتی کی، ہم لوگوں نے Propose بھی کیا، ہم لوگوں نے پارٹی کے علاوہ اور لوگوں کو بھی Propose کیا اور Second بھی کیا۔ کیوں کیا؟ اس وقت یہ دیکھنا چاہیئے تھا کہ میں کسی باہر کے آدمی کو Propose کر رہا ہوں جو کسی پارٹی سے تعلق نہیں رکھتا، میں اس کو کیوں Propose کر رہا ہوں، میں اس کو کیوں Second کر رہا ہوں؟ اس کے بعد آج بھی جو لوگ کھڑے ہیں، ان کو بھی ہمارے ہی لوگوں نے Propose کیا، ہمارے ہی لوگوں نے Second کیا تو میں یہ درخواست کرتا ہوں، آپ کی وساطت سے کہ خالی تقریر کرنے سے یا جذباتی بات کرنے سے، اپنے گریبان میں ہم سارے دیکھیں، ہم نے کیا کیا اور کیوں کیا؟ جب یہ ہو سکتا تھا، Unopposed ہم ہو سکتے تھے، کوئی اتنی بڑی بات نہیں تھی، وہی ایک ایک جنرل سیٹ ان کو ملی، صابر شاہ وغیرہ نے افہام و تفہیم سے ایک سیٹ حاصل کی، ہم بھی ان کو دو سیٹیں دے دیتے تو دو، چار، دو، سات ٹوٹل سیٹیں تھیں، ہماری تھیں، دو پیپلز پارٹی کی تھیں تو سات کے سات لوگ Independent، آزاد اور بغیر الیکشن کے ہو جاتے مگر اس وقت یہ بات نہ مانی گئی تو اب تیسرا آدمی بیچ میں آگیا تو ہمیں ابھی بھی اعتراض نہیں ہے، ہمیں کوئی اعتراض نہیں ہے، جس آدمی نے، (مداخلت) میری بات سنیں، جس آدمی نے اس کو Propose کیا، جس نے اس کو Second کیا، وہ چاہے گا کہ اسے Withdraw کرے۔ اگر قانونی طور پر Withdraw ہو سکتا ہے تو ہم ابھی بھی تیار ہیں، ہماری تو کوشش تھی کہ اس کو غیر متنازعہ طریقے سے ہم کامیاب کریں مگر ہماری بدقسمتی یہ ہے کہ ہمارے لوگوں نے Propose اور Second کیا اور پھر ہم ہی آج کہہ رہے ہیں کہ جی ہاں، بالکل صاف شفاف ہیں۔ سپیکر صاحب، ہماری گورنمنٹ کی کوشش ہے، تھی اور رہے گی کہ ہم یہ بھی چاہتے ہیں کہ خدا کرے، جیسا کہ ہمارے درانی صاحب نے فرمایا کہ خدا کے فضل سے صوبے میں ہمارے بڑے اچھے تعلقات رہے ہیں اور آج بھی اللہ کا فضل ہے کہ چار سال ہمارے پورے ہوئے اور یہ بڑے خوشگوار ماحول میں ہوئے ہیں۔ اللہ کی مہربانی ہے، یہ ہم نے ہمیشہ کہا ہے کہ ہماری یہ اسمبلی پختونوں کا جرگہ ہے اور اس جرگے میں ہم نے ہمیشہ افہام و تفہیم سے تمام باتیں کی ہیں مگر بدقسمتی ہوئی کہ یہ حالات پیدا ہوئے اور آج وہی ہوا کہ باہر سے ایک آدمی آگیا، جس کی وجہ سے یہ حالات ہیں۔ میں نے تو یہ بھی ریکویسٹ کی تھی کہ درانی صاحب اور جتنے پارلیمانی لیڈرز صاحبان ہیں، وہ بیٹھیں، ہم ایک پریس کانفرنس کریں اور کہیں کہ بھئی خدا کیلئے ہماری پارٹی کے جو Nominated لوگ ہیں تو ہمارے لوگ انہی کو ووٹ دیں اور باہر کے کسی بھی

آدمی کو ووٹ نہ دیں تاکہ اس آدمی کو بھی، جو باہر کا کھڑا ہے یا ہمارے جو لوگ ووٹ دینا چاہتے ہیں، وہ ووٹ نہ دیں تاکہ Unopposed طریقے سے ہمارے یہ سارے ممبرز ہو جائیں۔ سپیکر صاحب، ہماری گورنمنٹ کی کوشش یہی ہے، ہم چاہتے ہیں کہ جس طرح ہم رہے ہیں، خدا کرے کہ ایک سال اور رہیں، اس سے اچھے طریقے سے ہمارے حالات رہیں مگر میں آپ کو یہ بتاؤں کہ ہمارا ماضی کوئی زیادہ خوشگوار نہیں ہے اور حالات ایسے تھے کہ آٹھ آٹھ، دس دس آدمی بھی بکے ہیں میرے سامنے اور ہمارے سامنے اور ہم نے سب کچھ کر کے، قسمیں قرآنی کر کے بھی، بہر حال اس دفعہ میں یہ امید کرتا ہوں کہ ہمارے بھائی انشاء اللہ خدا کے فضل سے اپنی اپنی پارٹی کے لوگوں کو ووٹ دیں گے، جس جس کو پارٹی لیڈر شپ بتائے گی، اس کو ووٹ دیں گے اور انشاء اللہ جو Independent لوگ کھڑے ہیں، جو یہ چاہتے ہیں کہ ہماری اسمبلی کو بدنام کریں، جو یہ چاہتے ہیں کہ ہمارے کپڑوں پہ بدنما داغ لگے، انشاء اللہ خدا کرے گا کہ ان کو منہ کی کھانی پڑے گی اور ہمارے وہی ممبرز کامیاب ہونگے جو انشاء اللہ پارٹیوں کے نامزد کردہ ہونگے تو گورنمنٹ کی طرف سے میں ان کو یقین دلاتا ہوں کہ ایسی کوئی بات نہیں ہوگی۔

جناب سپیکر: شکریہ، تھینک یو جی۔

حاجی قلندر خان لودھی: سپیکر صاحب!

جناب سپیکر: حاجی قلندر خان لودھی صاحب، حاجی قلندر لودھی صاحب۔

حاجی قلندر خان لودھی: شکریہ جی۔

قائد حزب اختلاف: سپیکر صاحب! میں تھوڑا سا۔۔۔۔

جناب سپیکر: نہیں، پھر یہ بات لمبی ہو جاتی ہے، وہ نہیں کرتے۔ بس تھوڑا تھوڑا، لودھی صاحب دو دو منٹ لے لیں تاکہ سب کو اظہار رائے کا موقع ملے۔

حاجی قلندر خان لودھی: شکریہ، جناب سپیکر صاحب!

جناب سپیکر: یہ ذرا پرائم ٹائم ہے، اس میں سب کو، میرے ممبران معزز ہیں، ہر کسی کو حق ہے کہ وہ بولے۔

حاجی قلندر خان لودھی: جناب سپیکر صاحب، آپ کو یہ معلوم بھی ہے کہ میں بہت کم بات کرتا ہوں، باوجود اس کے کہ جب بھی میں کھڑا ہوتا ہوں، آپ پہلے مجھے وارننگ دے دیتے ہیں۔۔۔۔

جناب سپیکر: جی بسم اللہ۔

حاجی قلندر خان لودھی: جناب سپیکر، ہم آپ کے مشکور ہیں کہ آپ نے ملک کے اس اہم فورم کا جس کا کل الیکشن ہو رہا ہے، اس کے متعلق کچھ ہدایات دیں، اس کے متعلق آپ کی چیئر کی طرف سے جو ہدایات آئیں، ہم اس کے مشکور ہیں۔ بہر حال جناب سپیکر، مجھے سمجھ نہیں آتی کہ میرے اپوزیشن لیڈر صاحب نے بڑی پیاری باتیں کیں، شاہ صاحب نے بھی کیں، سکندر شیر پاؤ صاحب نے بھی اور پھر بلور صاحب نے بھی کیں، یہ انتظار کئے بغیر کہ اپوزیشن کی طرف سے باتیں ختم ہو جاتیں تو پھر ان کیلئے آسان ہوتا کہ وہ جواب دیتے اور بہت ساری باتیں اچھی بھی ہو جاتیں لیکن چلیں گورنمنٹ گورنمنٹ ہوتی ہے اور اپوزیشن اپوزیشن ہوتی ہے لیکن جناب سپیکر، اب مجھے یہ سمجھ نہیں آتی کہ یہ جو کچھ ہم کر رہے ہیں، جو الزام لگا رہے ہیں، وہ کس پر لگا رہے ہیں؟ یہ سب کچھ تو ہم خود کرنے والے ہیں، ہم یہ سب کچھ خود کرتے ہیں تو ہمیں کسی اور پر، باقی مثالیں نہیں دینی ہیں، ہمیں خود مثال پیدا کرنی ہے۔ اس وقت ہم جو بیٹھے ہوئے ہیں، کل کا جو الیکشن ہے، اس کو ہم نے مثالی بنانا ہے۔ کس نے کیا کیا، کب کیا، کیسے ہوا، اس کو بھلانا ہے اور آج ہم نے مثال دینی ہے کہ آئندہ کیلئے ہم نے کیا مثال دینی ہے اور اس کیلئے یہ ہے کہ ایک ان پڑھ آدمی، جس کو بالکل کوئی پتہ نہیں ہے، وہ جا کے اپنے ووٹ کو غلط نہیں کر سکتا تو جو Elected آدمی ہے، ایم پی اے ہے یا منسٹر ہے تو وہ اپنا ووٹ غلط کر سکتا ہے تو اس پر چیک رکھنا کہاں کا انصاف ہے اور میڈیا کو آزادی نہ دینا کہاں کا انصاف ہے؟ میڈیا بھی آزاد ہونا چاہیئے اور ووٹر کو بھی آزاد چھوڑ دیں۔ یہ ان کی ذمہ داری ہے، دو لاکھ لوگوں کا نمائندہ ہے تو وہ اتنا گرا ہوا نہیں ہو سکتا کہ وہ وہ بات کرے گا جو نہ ان کے عوام پسند کریں گے اور نہ ان کا اپنا ضمیر پسند کرے گا جناب سپیکر، ایک تو یہ آزادی ہے۔ جناب سپیکر، دوسری بات کہ دیکھیں، یہ سب پارٹیاں ہیں، میں بھی اس ایوان کا حصہ ہوں، ہماری بھی ایک پارٹی ہے، پاکستان مسلم لیگ (ق)، ہمارے بھی سات ممبرز ہیں لیکن ہم نے دیکھ لیا کہ سترہ چاہیئں، سولہ چاہیئں تو ہم ان سات سے سیٹ نہیں نکال سکتے، اسلئے ہم لوگوں کو راستہ کیوں دیں؟ اسلئے کل ہم نے جمہوری انداز میں بیٹھ کے، یہ فیصلہ مجھ پر چھوڑا گیا تو میں نے جیسا بھی کیا، اس میں قرعہ ڈالا جو بھی کیا، حالانکہ میری پارٹی کے دو Candidates تھے لیکن مسلم لیگ (ن) کا قرعہ نکلا تو ہم ان کے ساتھ ہیں، ہم اس کو ووٹ دیں گے اور ان کو سپورٹ بھی کریں گے۔ وہ نو ہیں اور ہم سات ہیں، سولہ ہیں اور پتہ نہیں کہ اس کیلئے اور کیا ہے، پاس کے کتنے فگرز ہیں، ممبرز ہیں، لیکن یہ ہے کہ پریکٹیکل کر کے ایک مثال دینی ہے۔ اسی طرح سے اگر فرض کیا یہ دو پیپلز پارٹی کے ہیں، تین اے این پی کے ہیں، دو ہمارے اپوزیشن کے آجائیں گے تو اس میں بہتر یہ ہے کہ ٹیکنوکریٹ

کا بھی کوئی، اصل بات ٹیکنو کریٹ کی ہے، اب رہ گئی ہیں دو سیٹیں اور پورے ہاؤس میں ہر ایک پارٹی نے اپنا ایک Candidate کھڑا کیا ہوا ہے، اس پہ بیٹھ کر کچھ بات کرنا ضروری تھی تو وہاں بھی اس چیز کو ہم روک سکتے ہیں، یہ روکنا ہماری ذمہ ہے اور یہ ہم پر Depend کرتا ہے کہ اس گندی چیز کو کیسے ہم روک سکتے ہیں اور ایک دوسرے پر الزام تراشی کرنے کے بجائے ہم بیٹھ کے، اب بھی ہمارے پاس ٹائم ہے، اگر ہم دیکھیں، اب ہمارے آدمی کے پاس بارہ چودہ ممبرز ہیں، انکا بھی ہے، نو والے کا بھی ممبر ہے۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: قلندر خان لودھی صاحب نے اتنی اچھی بات آپ لوگوں کے متعلق کی لیکن آپ نے اپنی اسمبلی لگائی ہے، آپ کہاں وہ اچھی باتیں سنتے ہیں؟ وہ آپ کی Favour میں بات کر رہے تھے، آپ نے ڈسکس بھی نہیں بجائے۔ (تالیاں) ایک جدون صاحب، عنایت جدون صاحب نے سن لیں، بڑا ظلم ہے۔

جناب محمد جاوید عباسی: جناب سپیکر صاحب! لودھی صاحب کو پھر کہیں کہ کہیں۔ جیسے ہمیں پتہ ہے۔۔۔

جناب سپیکر: جی۔

حاجی قلندر خان لودھی: جناب سپیکر! بات یہ ہے کہ اس کو بالکل کل ایسا مثالی الیکشن بنانا چاہیئے کہ ہر آدمی کو آزاد چھوڑا جائے، ہر ممبر کو۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: انشاءاللہ۔

حاجی قلندر خان لودھی: میڈیا کو آزاد چھوڑا جائے اور پھر دیکھیں کہ اب رزلٹ، اور کل پتہ چل جائے گا کہ جو کسی آزاد آدمی کو لاتا ہے تو اس کا بھی ہمیں پتہ چل جائے گا کہ کون ہے جو آزاد کو سپورٹ کر کے اس کو لاتا ہے، پارٹی کو چھوڑ کے، اسلئے ہم۔۔۔۔۔

جناب ثاقب اللہ خان چمکنی: جناب سپیکر صاحب،۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: ہاں آپ کو موقع دے رہا ہوں، آپ کا وہ بھی آ رہا ہے نا، سب کو موقع ملے گا۔

حاجی قلندر خان لودھی: پھر تین تاریخ کو۔۔۔۔۔

(قطع کلامیاں)

جناب سپیکر: آپ سب کو موقع ملے گا۔

حاجی قلندر خان لودھی: جناب سپیکر! تین تاریخ کو بات کلیئر ہو گی کہ کس نے کیا کردار ادا کیا ہے؟

جناب سپیکر: محمود عالم صاحب۔ محمود عالم صاحب کو میں نے کٹ کیا تھا۔ مختصر جی، انتہائی مختصر۔

جناب محمود عالم: یہ بڑا اہم ایشو ہے جی، پانچ منٹ مجھے دے دیں تھوڑا سا۔

جناب سپیکر: جی جی۔

جناب محمود عالم: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ جناب سپیکر صاحب، میں آپ کی توجہ ایک اہم اور دلخراش واقعے کی طرف دلا رہا ہوں اور میں سینیٹ الیکشن کے اوپر بحث نہیں کرونگا کہ ہمارے جو پارلیمانی لیڈران ہیں، اپوزیشن لیڈر نے جو بات کی ہے، اللہ کرے کہ آج رات کو یہ فیصلہ ہو جائے کہ ہمارے لوگ بلا مقابلہ منتخب ہو جائیں، ہم تو یہ دعا کریں گے لیکن میں کوہستان کے حوالے سے بات کروں گا کہ ضلع کوہستان جو ہمارے پورے صوبے کا سب سے بڑا ضلع ہے رقبے کے لحاظ سے، بشام سے لیکر گلگت بلتستان بیہار تک، اس کی حدود یہاں سے شروع ہوتی ہیں، وہاں تک تقریباً دو سو کلو میٹر یہ شاہراہ ہے اور یہ شاہراہ جا کے چائنا سے Touch ہوتی ہے اور یہ پاکستان کی سب سے بڑی شاہراہ ہے جو کہ کوہستان سے گزرتی ہے۔ جناب سپیکر صاحب، آپ کی بہت بڑی مہربانی کہ آپ نے مجھے ٹائم دیا۔ کل پرسوں وہاں پر جو اتنا بڑا واقعہ پیش آیا سپیکر صاحب، اتنا دلخراش واقعہ کہ میرے خیال میں ہسٹری میں بلکہ تاریخ میں بہت کم واقعات ایسے ہوتے ہیں اور یہ ایسے وقت میں کوہستان میں پیش آیا کہ کوہستان کی زمین استعمال کی گئی۔ جناب سپیکر صاحب، یہ شیعہ سنی کا جو مسئلہ گلگت بلتستان میں چل رہا ہے یا ایجنسیاں کروارہی ہیں لیکن کوہستان ہمارے پختونخوا کا ایک ضلع ہے اور گلگت بلتستان جاتے ہوئے یہ آخری ضلع ہے تو ہماری زمین کو استعمال کیا گیا ہے۔ جناب سپیکر صاحب، ہمارے ضلع کوہستان کی سرزمین کو استعمال کیا گیا ہے اور یہ جو واقعہ وہاں پیش ہوا ہے اور جن لوگوں نے آ کے مارا ہے، وہ لوگ وہاں پہ گلگت بلتستان سے ہی آئے ہیں تو سپیکر صاحب، میں یہ کہتا ہوں کہ گلگت بلتستان والوں نے ہماری زمین کو کیوں استعمال کیا، مطلب ہے ہمارے لوگ اس بات پر خفا ہیں، ہمارے لوگ بڑے پر امن ہیں، سپیکر صاحب، یہ کہونگا کہ ہمارے صوبے کے اندر بہت ساری جگہوں میں خود کش دھماکے بھی ہوئے، بم بھی پھٹے لیکن کوہستان ایک ایسا پر امن ضلع تھا کہ وہاں پہ ان دس سالوں میں آج تک ایک خود کش دھماکہ بھی نہیں ہوا ہے، کوئی بم نہیں پھٹا ہے۔ کوہستان کے عوام ایسے غیور عوام ہیں، کوہستان کے عوام ایسے دلیر عوام ہیں کہ جب طالبان کا وقت آیا تو کوہستانی عوام نے مل جل کے ایسا جرگہ کیا کہ فوراً اُن کو اطلاع دی، طالبان لیڈر کو دی کہ کوہستان کے اندر کوئی طالبان وہاں نہیں آئیں گے تو دس سال سے وہاں پر نہ طالب گیا ہے، نہ وہاں پر خود کش دھماکہ ہوا ہے، نہ وہاں پر بم بلاسٹ ہوا ہے، یہ کوہستان کی ہسٹری ہے دس سال کی اور آپ یہ ہسٹری دیکھ کے پڑھ

سکتے ہیں، تو میں یہ کہتا ہوں کہ جو اٹھارہ بندے کل کوہستان میں قتل کئے گئے ہیں، یہ کونسے ظالم تھے اور کہاں سے آئے تھے؟ میں گلگت کے وزیر اعلیٰ سے کہتا ہوں کہ اگر آپ گلگت بلتستان کی حکومت کو سنبھال نہیں سکتے ہیں، اس کو چلا نہیں سکتے تو آپ اپنی وزارت اعلیٰ سے استعفیٰ دے دیں۔ میں وزیر اعظم پاکستان سے کہتا ہوں اور صدر اسلامی جمہوریہ پاکستان سے کہتا ہوں کہ گلگت بلتستان کیلئے نئے وزیر اعلیٰ کو سلیکٹ کیا جائے۔۔۔۔

جناب سپیکر: نہیں، محمود عالم صاحب آپ کی تھوڑی سی اصلاح کر لوں کہ اس کے بیچ میں کوئی تھرڈ پارٹی بھی آسکتی ہے شرارت کیلئے اور آگ بڑھانے کیلئے انہوں نے کی ہو گی، کسی پہ ڈائریکٹ ادھر اس فورم سے وہ نہ لگائیں۔ تھینک یو جی، تھینک یو۔

وزیر اطلاعات: جناب سپیکر صاحب!

جناب سپیکر: میاں افتخار حسین صاحب، میاں افتخار حسین، میاں افتخار حسین، پلیز۔۔۔۔

جناب محمود عالم: سپیکر صاحب!

جناب سپیکر: بس بات ختم ہو گئی جی۔

جناب محمود عالم: ہمارے عوام اس میں ملوث نہیں ہیں۔

جناب سپیکر: ملوث نہیں ہیں، بالکل ملوث نہیں ہیں، وہ سب کو پتہ ہے۔

میاں افتخار حسین (وزیر اطلاعات): جناب سپیکر صاحب، ستاسو ډیره مهربانی۔ دلته په ډیر ښهٔ ماحول کښے زمونږه ټولو پارلیمانی مشرانو خبرے اوکړے او تاسو پکښے چونکه تمهید کیښودو د مخکښے نه او د دے خبرے ضرورت ځکه پیدا شو چه الیکشن سحر له دے او چه د هغے نه پس خبرے کوؤ نو هغه بے معنی دی او د هغے نه مخکښے خبرے د مطلب او د مقصد دی۔ زمونږ د اسمبلئ دننه ماحول هم ډیر خوشګوار دے، ارادے هم د خلقو نیکے دی، که په دے دوران کښے هر رنګه صورتحال تیر شوے وی خو د پرونی ډیویلپمنټ نه پس فضا ډیره صفا شوے ده نو پکار دا ده چه مونږ دا صفا فضا تر سبا پورے برقرار اوساتو ځکه چه زمونږ د اپوزیشن د ملګرو د یو خاص نوعیت سره خپله یو فیصله اوشوه او د هغے سره په مشکل کښے ډیره اسانتیا پیدا شوه۔ دلته په جنرل سیټس باندے زمونږه اته کسان دی، بلکه نهه دی خو یو پکښے غیر فعال دے او یو

پکښے فعال دے او زمونږه سیټونه اووه دی۔ اوس د اووه سیټونو په حساب چه زمونږه په اسمبلئ کښے دننه کومے پارټئ دی د اپوزیشن سره نو مونږ د خپل تعداد مطابق ډیر صحیح خلق اودرولی دی او هیچا د خپل تعداد نه تجاوز نه دے کړے ، لهذا د خپل تعداد په مناسبت سره زمونږه اووه سیټه دی او اووه واړه زمونږ په تعداد پوره کیږی۔ دا یو موقع ده چه زمونږ د اپوزیشن د لیډرانو سره زمونږ د اقتدار د مشرانو یو مشترکه لائحه عمل تیار کړی او نن د دے خبرے وضاحت اوشی چه زمونږه ووټونه او زمونږه امیدواران برابر دی نو په پیرا شوټ باندے به څوک راکوځیږی؟ هر هغه سړے چه په پیرا شوټ راکوځیږی، پکار دا ده چه مونږه ئے خپل فلور ته پریږندو۔ بس سیدها سادها خبره ده، دا زمونږ نه یوه نیکه اراده غواړی، نه به په مونږه الزام لګی، نه به مونږه یو بل ته درغله یو او نه به زمونږه په یو بل باندے شکوک و شبهات وی۔ خدائے د نکړی، خدائے د نکړی، د یو کس نیم په نیت کښے به فطور ضرور وی خو د دومره اکثریت په بنیاد چه فطور نه وی نو هغه یو نیم پخپله لارے ته برابر شی نو په دیکښے مونږه د اپوزیشن د مشرانو د کردار هم ستائنه کوؤ، مونږ د اقتدار د مشرانو هم ستائنه کوؤ چه د خپل تعداد نه چا سیوا اودرولی نه دی او یو فیصلے ته رسیدلی دی نو ښه به دا وی چه د اسمبلئ په فلور باندے خو هر چا اظهار خیال اوکړو خو د دے نه پس چه دوئ د اسمبلئ نه اوځی او دوئ یو دوه درے منټه خپلو کښے کښینی او په مشترکه طور باندے د دے خبرے اظهار اوکړی چه زمونږه ووټ او زمونږه امیدواران برابر دی نو که دا بهرنے پکښے هر څوک راځی، زید دے که بکر دے ، د دے سره زمونږ کار نشته خو چه کومو پارټو خپل خلق پخپله اودرولی دی نو دا خبره د آئین مطابق چه څنګه اوشوه چه هر سړی ته دا رائے حق حاصل دے خو جناب سپیکر صاحب، د رائے حق، د دے نه پس به ثاقب صاحب هم خپل یو قرارداد پیش کوی، په آئین کښے د رائے حق هم حاصل دے خو هر سړے د خپلے پارټئ د فیصلے پابند هم دے ، داسے آزادی چرته نشته زمونږ د آئین په رو سره چه پارټئ به ورته اودرولے یو وی او دے به ووټ بل له ورکوی او که چرے داسے ثابته شوه نو د دهٔ د اسمبلئ ممبر شپ ختمیدے شی، لهذا آئین د دے خبرے پابند کړے دے چه دے به د خپلے پارټئ پابندی کوی چه ترڅو پورے دا آئین دے ،

لهذا په دے بنیاد باندے دا مشکل دومره گران نه دے۔ که زمونږه ټول مشران کښینی او د خپل دوه منتهو صبر او د تحمل په بنیا خپلے یو فیصلے ته اورسی نو زما خیال نه دے چه دریمگړے سړے چه د چا به ووټ نه وی او هغه وائی چه زهٔ به شپاړس برابروؤم۔ اخر دا څه چیونگ گم خو نه دے ، دے به ئے تر کومے راکاږی چه د یو سړی د پاره د Proposer او د Seconder نوم نه وی، هغه هم ډیر په منتونه باندے گوری او هغه به بیا شپاړس برابروی او دا هم عجیبه خبره ده چه دلته د الیکشن کمیشن په بنیاد باندے هر سړے پولنگ ایجنټ کښیناستے شی، گنی چه هر یو امیدوار ته دا تاکید وے چه تهٔ به خپل ممبر پولنگ ایجنټ کښینوے نو کیدے شی چه Seconder او Proposer ئے وے خو ایجنټ به ئے نه وو ځکه چه مخامخ کښیناستل بیا د هغے نه هم گران دی نو دا به پته لگیده چه د سیر نه څو پخیږی خو بهر کیف دا روایت ختمول غواړی۔ اول خو هغه خلقو ته خواست کوؤ چه ستاسو ووټ نشته او په پیسو به اخلئ نو دا ضمیر به څه وائی؟ اول خو دا حق ادا کول غواړی چه یو سړے به صوبائی اسمبلئ ته خلقو رالیږلے وی او دے به ووټ خرڅوی، دا ووټ نه خرڅوی، دا قام خرڅوی، گنی د دهٔ به څه حیثیت وو چه دهٔ به ووټ خرڅولو خو قوم ورله ووټ ورکړے دے نو ځکه تر دے ځائے پورے راغلے دے ، (تالیاں) لهذا خرڅولو والا خو په هر قیمت باندے مجرم دے ، هغه که زید دے او که بکر دے ، که هغه په مونږ کښے میاں افتخار ولے نه دے؟ چه میاں افتخار ووټ خرڅوی، دے د دے قابل نه دے چه اسمبلئ ته راشی، دے د په خپل سر باندے ځان خو خرڅ کړی، د دوه پیسو به زما حیثیت نه وی او زهٔ به راځم او په کروړونو به ځان خرڅوؤم ځکه چه عوامو رانه سړے جوړ کړے دے ، دا د هغه عوامو زهٔ توهین کوم چه چا زما نه سړے جوړ کړے دے۔ اول د ضمیر مطابق پکار خو دا ده چه هر سړے چه د بهر نه راغلے دے ، Seconder او Proposer ئے نشته او شپاړس به برابروی نو څوک به برابروی، په کوم ځائے کښے به ئے برابروی او په څومره خلقو کښے به شکوک و شبهات پیدا کوی؟ نو اول خو زمونږه اراده کلکه پکار ده چه په دے ځائے کښے څوک سورے کوی چه سوری کولو والا له اجازت ورنکړو او چه د کوم ممبر په ذریعه سورے کیږی نو پکار دا ده چه مونږه خو کم سے کم هغه ممبر ته خو دومره اووایو ، که تهٔ یو کس

